Principles of Economics - ICom Part 1 Principles of Economics Chapter 4 Short Questions Preparation

Q1. عاملین پیدائش کون کون سے ہیں.

Ans 1: زمین

Ans 2: محنت

Ans 3: سرمایہ

Ans 4: تنظیم

Q2. زمین کی استعداد کار سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اس سے مراد زمین کی قوت پیداواری ہے.

Q3. پیدائش دولت سے کیا مراد ہے

Ans 1: یہ ایسی اشیاء خدمات کی پیدائش ہے جن میں درج زیل تین خصوصیات پائی جاتی ہیں.

Ans 2: افادہ

Ans 3: کمیابی

Ans 4: انتقال پذیری

Q4. محنت کا مفہوم بیان کریں.

Ans 1: محنت سے مراد انسان کی زہنی یا جسمانی کاوش ہے جو کسی معاوضے کی خاطر کی گئی ہو. محنت زہنی بھی ہوسکتی ہے اور جسمانی بھی وکیل کا مقدمہ لڑنا زہنی محنت ہے شاگرد کا پڑھنا زہنی محنت ہے جبکہ مزدور کا اینٹیں اٹھانا، کسان کا ہل چلانا بڑھئی کا فرنیچر بنانا جسمانی محنت ہے. لیکن شرط یہ ہے کہ کوئی معاوضہ طے ہو.

Q5. آجر کے چار فرائض بیان کریں.

Ans 1: کاروبار کا خاکہ تیار کرنا

Ans 2: عوامل پیدائش کا اشتراک

Ans 3: کاروبار کا انتظام کرنا

Ans 4: دیگر عوامل کے معاوضے ادا کرنا

Q6. زمین کی استعداد کار کے چار عوامل بیان کریں.

Ans 1: انسانی وسائل

Ans 2: محل وقوع

Ans 3: زرائع نقل و حمل

Q7. زمین کی چار خصوصیات تحریر کریں.

Ans 1: زمین قدرتی عطیہ ہے

Ans 2: زمین کی رسد محدود ہے.

Ans 3: زمین کے مختلف ٹکڑے زرخیزی کے اعتبار سے مختلف ہوتے ہیں.

Ans 4: جغرافیائی لحاظ سے زمین میں نقل پذیری نہیں پائی جاتی.

Q8. سرمائے کی اہمیت کے چار نکات تحریر کریں.

Ans 1: زراعت کا دارومدار جدید مشینری اور مداخل کے استعمال پر ہے.

Ans 2: صنعتی ترقی کا دارومدار اور سرمائے کی فرائمی پر ہے

Ans 3: مختلف قسم کی معدنیات کی دریافت اور ان کی پیداوار کا حصول مشینوں پر منحصر ہے.

Ans 4: سرمائے کا استعمال مزدوروں کی استعداد کار بڑھانے کا باعث بنتا ہے.

Q9. محنت کی استعداد کار سے کیا مراد ہے.

Ans 1: اس سے مراد مزدوروں کی قوت پیداوار یاقوت کارکردگی ہے . اگر سرمائے کی مدد سے پیداوار میں اضافہ بہت زیادہ ہو تو اس کی استعدادکار زیادہ ہوگی اور کم پیداوار کی صورت میں استعداد کار کم ہوگی.

Q10. عاملین پیدائش سے کیا مراد ہے

Ans 1: انسان کو اپنی ضرورت کی اشیاء پیدا کرنے کے لیے جن عاملین کی ضرورت ہوتی ہے انہیں عاملین پیدائش کہتے ہیں. یہ زمین، محنت اور سرمایہ کاری ہے.